رول نمبر ____________________ (امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2021-2019 تا 2023-2021 )

اردو (لازمی) 023 - فرسٹ اینول ۔ ( دہم کلاس ) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II ( معروضی طرز ) **PAPER CODE = 7026** کل نمبر : 15

LHR-2-23

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | علی گڑھ کا پرانا نام ہے : | (A) فیروز پور | (B) الہ آباد | (C) کول | (D) فیض آباد |
| 2 | جگر مرادآبادی کا اصل نام ہے : | (A) فضل الحسن | (B) علی سکندر | (C) عزیز جہاں | (D) مراد علی |
| 3 | جسم کا درست تلفظ ہے : | (A) جِسْم | (B) جُسُم | (C) جَسُم | (D) جِسَمُ |
| 4 | آدمی گرامر کی رُو سے ہے : | (A) کنیت | (B) اسم معرفہ | (C) اسم نکرہ | (D) اسم اشارہ |
| 5 | علامہ محمد اقبالؒ اپنی بیٹی منیرہ کو پیار سے کہا کرتے تھے : | (A) بِلّی | (B) منھی | (C) بانو | (D) مُنّی |
| 6 | کوہ ہمالیہ گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم ضمیر | (B) خطاب | (C) اسم صفت | (D) اسم معرفہ |

( 2 )

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7 -1 | حساب کا درست اعراب ہے : | (A) حَسَابُ | (B) حِسَابُ | (C) جِسُابَ | (D) حَسَابَ |
| 8 | لڑکی کے ۔۔۔۔ ہونٹوں پر مطمئن مسکراہٹ لہرانے لگی : | (A) عنابی | (B) لال | (C) پیلے | (D) شرابی |
| 9 | استنبول کس نے فتح کیا : | (A) مراد ثانی | (B) محمد فاتح | (C) سلطان محمد | (D) سلیم ثانی |
| 10 | قومیت کی تشکیل کی بنیادیں ہیں : | (A) ایک | (B) دو | (C) تین | (D) چار |
| 11 | نظم حمد کے شاعر کا نام ہے : | (A) احسان دانش | (B) حفیظ جالندھری | (C) میر انیس | (D) علامہ اقبالؒ |
| 12 | ندیم ہنسا گرامر کی رُو سے ہے : | (A) فعل | (B) فعل لازم | (C) فعل تام | (D) فعل متعدی |
| 13 | ہاجرہ مسرور کا انتقال ہوا : | (A) 2006ء | (B) 2008ء | (C) 2010ء | (D) 2012ء |
| 14 | مرزا صاحب کیسی دولت سے مالا مال تھے : | (A) قلب مطمئِنّہ | (B) حسن | (C) فقر | (D) مال و دولت |
| 15 | بسیار نویس ادیبوں میں شمار ہوتے ہیں : | (A) دلاور فگار | (B) جوش ملیح آبادی | (C) جمیل الدین عالی | (D) محمود سرحدی |

202-023-II-(Objective Type)-34500 (7026)

ParhloPakistan.com

( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023 )

رول نمبر ـــــــــــــــــــــــ (امیدوار خود پر کرے)

اردو (لازمی) 023 ـ فرسٹ اینول ـ ( دہم کلاس ) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) LHR-2-23 ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 60

( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

( حصہ نظم )

(i) اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا — یقین ہو گیا ، اعتبار آ گیا ہے

(ii) گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر — بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

(iii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

(iv) جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

( حصہ غزل )

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(vi) آدمی آدمی سے ملتا ہے — دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) فقیر تو یہ کہتا ہوا اور جن پر اس قصے کا اثر ہوا، ان کی خیرات لیتا ہوا آگے بڑھ گیا، لیکن میرے دل میں چند خیالات پیدا ہوئے اور میں نے اپنی حالت کا مقابلہ اس سے کیا اور مجھے خود تعجب ہوا کہ اکثر امور میں ، مَیں نے اس کو اپنے سے اچھا پایا۔ یہ صحیح ہے کہ میں کام کرتا ہوں اور وہ مفت خوری سے دن گزارتا ہے۔ نیز یہ کہ میں نے تعلیم پائی ہے ، وہ جاہل ہے۔ میں اچھے لباس میں رہتا ہوں ، وہ پھٹے پرانے کپڑے پہنتا ہے۔ بس یہاں تک میں اس سے بہتر ہوں۔





3- (ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ اس کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا، اتنا کاٹا کہ بےدم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(ii) لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟ چغل خور کس شرط پر کسان کے ہاں ملازم ہوا؟

(iii) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(iv) قدرت اللہ شہاب کی خودنوشت کا کیا نام ہے اور وہ کس شہر میں اپنی ملازمت کا تذکرہ کرتے ہیں؟

(v) قافیہ کی تعریف کیجیے اور دو مثالیں دیجیے۔

(vi) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کون سا ایک لفظ کہہ کر بنائی اور حمد کے شاعر کون ہیں؟

(vii) نظم '' مال گودام روڈ '' میں گھوڑوں پر کیا بیتی؟

(viii) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزا محمد سعید ۔ (ii) علی بخش ۔ 5

6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : (i) عیدین ۔ (ii) تعلیم نسواں ۔ (iii) محسنِ انسانیت ﷺ ۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے : 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے ، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک ، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات : (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان ، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز ہو گا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

ParhloPakistan.com